داڑھی کی شرعی حیثیت

صاحبزادہ محمد حنیف رضا

مدرسہ نور عالم اشاعت القرآن جیع الحکیم

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیک یا رسول اللہ

داڑھی کی شرعی حیثیت

مرتب ومؤلف:

صاحبزادہ مولانا محمد حنیف رضا نقشبندی گھمکولوی

مدرسہ نور عالم جامعہ الحکیم اینڈ اسلامی دارالافتاء کونسل

بریڈفورڈ برطانیہ

Tel: 0044 7833 630560

Fax: 0044 1274 225029

e-mail: mhraza786@hotmail.com

www.raza_tours.co.uk

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں﴾

نام کتاب...... داڑھی کی شرعی حیثیت

مصنف ...... صاجزادہ مولانا محمد حنیف رضا نقشبندی

کمپوزنگ ...... شمس وقمر کمپوزنگ سنٹر، بھاٹی چوک لاہور

کمپوزر ...... حافظ محمد کاشف جمیل (0345-4666768)

صفحات 128

تعداد 2000

سن اشاعت ...... اپریل 2012ء

قیمت ۴۰/

ملنے کے پتے

☆ مفتی محمد عبد الحکیم انسٹی ٹیوٹ آف اسلامی دارالافتاء کونسل، بریڈفورڈ۔ برطانیہ

☆ جلالیہ پبلی کیشنز، دربار مارکیٹ لاہور ☆ مکتبہ شمس وقمر بھاٹی چوک، لاہور

☆ قدیم مرکزی جامع مسجد حنفیہ، ڈڈیال ضلع میر پور آزاد کشمیر

☆ مکتبہ اہلسنت، جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری گیٹ لاہور / مکہ سنٹرز دلور مال تھانہ، لاہور

☆ مکتبہ قادریہ، دربار مارکیٹ، لاہور ☆ ہجویری بک شاپ، دربار مارکیٹ لاہور

☆ مکتبہ بہار شریعت، دربار مارکیٹ لاہور ☆ کتب خانہ امام احمد رضا، دربار مارکیٹ لاہور

☆ مکتبہ جمال کرم، دربار مارکیٹ لاہور ☆ کرمانوالہ بک شاپ، دربار مارکیٹ لاہور

☆ زاویہ پبلشرز، دربار مارکیٹ لاہور ☆ نظامیہ کتاب گھر، اردو بازار لاہور

☆ مکتبہ اعلیٰ حضرت، دربار مارکیٹ لاہور ☆ مکتبہ ضیائیہ، کمیٹی چوک راولپنڈی

Marfat.com

حسن ترتیب

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
1	تقریظ جمیل۔ پیر محمد اسلم نقشبندی قادری، بریڈ فورڈ	5
2	تقریظ جمیل۔ ابوالحسنین محمد تائب القادری	8
3	تقریظ جمیل مفتی حافظ محمد نواز بشیر جلالی	10
4	نشانِ منزل۔ علامہ محمد منشا تابش قصوری	14
5	تقریظ جمیل۔ علامہ محمد طاہر عزیز باروی	17
6	تقریظ جمیل۔ علامہ محمد حبیب احمد سعیدی	23
7	مقدمہ	27
8	داڑھی رکھنا سنت رسول اور اطاعت کی نشانی ہے	33
9	داڑھی رکھنا مومنین کا طریقہ ہے	34
10	داڑھی مبارک کے دینی وطبی فائدے	37
11	ائمہ اربعہ کی مستند کتب سے تصریحات	47
12	داڑھی رکھنا واجب اور قبضہ سے کم کٹانا حرام ہے	52
13	مسلمانو! داڑھی کٹانا چھوڑ دو	55
14	استفتاء	59
15	فتویٰ	61

Marfat.com

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر

حصہ عربی

16	الفصل الاول فی الاحادیث النبویہ مع شرحہا	66
17	الامر باعفاء اللحیة و احفاء الشوارب	68
18	کان النبی ﷺ کث اللحیة	69
19	تغییر خلق اللہ	72
20	مقدار اللحیة	73
21	فاعلم انہم اختلفوا فی ما طال من اللحیة من الاقوال	74
22	ابطال زعم الزاعمین	75
23	فتاوٰی اصحاب المذاہب	76
24	اتفاق المذاہب الاربعة علی وجوب توفیر اللحیة و حرمة حلقہا	78
25	الامر بمخالفة اعداء الاسلام	79
26	الفصل الثانی۔ فی ذکر حجج الحالقین لحاہم	81
27	النہی عن تشبہ المرأة بالرجال و تشبہ الرجال بالنساء	85
28	و خلاصة الکلام	86
29	**ضمیمہ:** رکعاتِ نماز اور مسائل نماز کا بیان	89

حصہ انگلش

30	Sahibzada Muhammad Hanfif Rada	1
31	Enticement to grow the beard	14
32	The Status of the Beard according to Shariah	17

Marfat.com

تقریظ جمیل:

مفتی اعظم برطانیہ

پیر محمد اسلم نقشبندی قادری بندیالوی

بریڈفورڈ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم۔

حضرت علامہ مولانا محمد حنیف رضا صاحب دامت برکاتہ کی کتاب ''مسئلہ داڑھی'' چند ایک مقامات سے دیکھی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس نیک کاوش پر اجر عظیم عطا فرمائے۔ داڑھی کا مسئلہ بہت اہم خصوصاً آج کل بڑا فتنہ بنا ہوا ہے۔ مساجد کے ائمہ بھی اس کے شکار ہیں۔ دراصل وہ لوگ جو مذہبی قیادت میں پیش پیش ہیں اور بزعم خویش شیخ الاسلام ہیں انہوں نے نفس پروری میں اس فتنہ کو پروان دیا ہے، لہٰذا اس پرفتن دور میں ادلہ شرعیہ اور اکابرین امت کی تصریحات کو پیش نظر رکھا جائے۔

حدیث شریف میں ہے:

قُصُّوا الشَّوَارِبَ وَاعْفُوا اللُّحٰی۔ رواہ البخاری

ترجمہ: داڑھی بڑھاؤ اور مونچھیں کٹاؤ۔

اس حدیث میں اعفوا صیغہ امر ہے۔ اور امر وجوب کے لیے ہوتا ہے، اس کا حقیقی معنی صرف وجوب ہے اور جب تک قرینہ صارفہ نہ ہو حقیقت کو چھوڑا

Marfat.com

نہیں جا سکتا، لہٰذا داڑھی واجب ہوئی۔ اور رہا یہ سوال کہ قدر قبضہ کا وجوب ثابت نہیں ہوتا یہ مطلق وجوب ہے تو جواباً عرض ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما قدر قبضہ سے زائد لے لیتے تھے، یعنی کاٹتے تھے تو ان کا عمل معناً مرفوع حدیث ہے جو اجمال کی تفصیل کر رہی ہے، چونکہ داڑھی کا مسئلہ قیاسی واجتہادی نہیں لہٰذا ان کے عمل سے وجوب کی حد متعین ہوگئی۔

اسی لیے شیخ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ المصابیح میں یوں رقم فرماتے ہیں:

"وگذاشتن آن بقدر قبضہ واجب است و آنکہ آں راسنت گویند بمعنی طریقہ مسلوک در دین ست یا بجہت آں کہ ثبوت آن بسنت ست چنانکہ نماز عید راسنت گفتہ اند۔"

خلاصہ یہ ہے کہ شیخ صاحب علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ قدر قبضہ یعنی مشت برابر داڑھی واجب ہے، اس کو سنت کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ دین میں رائج طریقہ ہے، یا اس لیے سنت کہتے ہیں کہ اس کے وجوب کا ثبوت سنت سے ہے جیسا کہ نماز عید (جو کہ واجب ہے) کو سنت کہا گیا ہے۔ اس کے علاوہ تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور خلفاء راشدین بلکہ تمام صحابہ، ائمہ اربعہ کسی سے بھی قدر قبضہ سے کم ثابت نہیں۔

لہٰذا قدر قبضہ پوری مشت برابر داڑھی واجب ہے، اس کا تارک فاسق معلن ہے، فاسق تعظیم کے لائق نہیں۔ لہٰذا دینی امور میں اسے مقتداء نہیں بنایا جا سکتا اور نہ ہی دینی امور کی ادائیگی کی ذمہ داری دی جا سکتی ہے۔ لہٰذا مشت سے کم داڑھی والے کو نہ پیشوا مرشد، شیخ طریقت بنایا جائے اور نہ مساجد اہل سنت میں کسی نماز (فرائض، تراویح، جنازہ) میں امام بنایا جا سکتا ہے۔

Marfat.com

آخر میں دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پاک ﷺ کے صدقے مولانا محمد حنیف رضا نقشبندی کی کتاب کو مفیض عام فرمائے۔ آمین ثم آمین

الاحقر

ابوالحسن مفتی محمد اسلم نقشبندی بندیالوی قادری

بریڈفورڈ

(یہ تحریر مدینہ منورہ میں پیش کی گئی) 23/04/11

تائید کنندہ:

حضرت علامہ مولانا طالب حسین مجددی

حال مقیم برمنگھم یو۔کے

Marfat.com

تقریظ جمیل:

جناب محمد زمرد خان قادری

المعروف ابوالحسنین محمد تائب القادری

چیف ایڈیٹر ماہنامہ رحیمین انٹرنیشنل، جہلم پاکستان

بانی چیئرمین قادری ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر ٹرسٹ جہلم پاکستان

03/04/2011 بروز اتوار

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ وَ عَلٰی اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔ اَمَّا بَعْدُ!

ان گنت اور بے شمار تعریفیں اور تسبیحات بارگاہِ رب ذوالجلال میں جو تمام جہانوں کا پروردگار (پالنے والا) ہے۔

اور بے حد بے حساب درود وسلام بحضور تاجدار کائنات حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ جو نہ صرف ہمارے لیے بلکہ ساری کائنات کے لیے سراپا رحمت بن کر تشریف لائے۔

قارئین کرام!

آپ کے ہاتھوں میں موجود کتاب جو کہ "داڑھی مبارک سنت رسول ہے" کے نام سے موسوم ہے۔ حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ محمد حنیف رضا نقشبندی کی اچھی کاوش ہے۔ کمپوزنگ سے پہلے سارا مسودہ احقر کی نگاہوں سے گزرا۔ اگر میں یوں کہوں تو بے جانہ ہوگا کہ صاحبزادہ صاحب کی اس کاوش کو

Marfat.com

حرف بحرف پڑھنے کی سعادت فقیر کے حصے میں آئی ۔الحمدللہ ثم الحمدللہ دلی تسکین نصیب ہوئی۔

بعض جگہوں پر الفاظ تو بعض جگہوں پر جملوں کی تبدیلی کی سعادت بھی میسر آئی ، لیکن بہر طور میری کوشش رہی کہ حضرت کے مسودہ میں کوئی زیادہ تبدیلی نہ ہونے پائے کیونکہ یہ اُنھی کا حق ہے۔

ازیں قبل ''حق و باطل میں فرق یعنی اہل سنت اور اہل حدیث'' اور'' ردّ روافض یعنی اہل سنت اہل جنت'' حضور صاحبزادہ صاحب کی بہترین کاوشیں شائع ہو کر اہل نظر سے خراج تحسین پا چکی ہیں۔

حضرت صاحبزادہ مولانا محمد حنیف رضا نقشبندی زید مجدہ' مفتی اعظم کشمیر حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عبدالحکیم صاحب نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کے بھتیجے اور موصوف کے آباؤ اجداد کے علوم وفنون اسلامیہ کے امین چلے آرہے ہیں۔ حضرت انہی کے فیوض و برکاتِ علمیہ کو بڑی جرأت سے تحریری وتقریری طور پر تقسیم فرمارہے ہیں۔ احقر کی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب سے حضرت کی سعی جمیلہ کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور ہم تمام پڑھنے والوں کو بالخصوص اور بالعموم تمام مسلمانوں کو باعمل مسلمان بنائے اور بروز قیامت سرکار کائنات کے دست مبارک سے حوض کوثر پر جام کے جام نصیب فرمائے۔

احقر محمد زمرد خان قادری المعروف ابوالحسنین محمد تائب القادری

رابطہ پاکستان 03455663032 حال مقیم انگلینڈ 07466579281

Marfat.com

تقریظ جمیل:

خطیب پاکستان، حضرت علامہ مولانا

مفتی حافظ محمد نواز بشیر جلالی

خطیب قدیم مرکزی جامع مسجد حنفیہ اہلسنّت و جماعت
ڈڈیال، آزاد کشمیر

برسوں قبل ایک قومی اخبار میں داڑھی کے متعلق ایک امریکی مفکر کا قول پڑھنے کو ملا اور الفضل ما شھدت بہ الاعداء کی عملی تفسیر و تصویر ذہن میں ابھری، اس کا قول یہ تھا کہ حیرت ہے کہ لوگوں کو داڑھی رکھنے میں کیا مسئلہ ہے جبکہ لوگ سر پر بھی تو بال رکھتے ہیں ناں، تو پھر چہرے پر رکھنے میں کیا سبب ہے۔ کسی کے سر کے بال اڑ جائیں تو وہ اس گنج کو چھپاتا پھرتا ہے، اس کے اظہار سے شرماتا ہے لیکن عجب تماشا ہے کہ یہ اپنے پورے چہرے کو گنجا کر لیتا ہے اور ذرا نہیں شرماتا جو کہ مرد ہونے کی سب سے زیادہ واضح علامت ہے اور داڑھی رکھنے سے انسان میں سچ بولنے کا مردانہ حوصلہ پیدا ہوتا ہے۔

آج بندۂ مومن مردِ مسلمان داڑھی منڈا کے شیطان کے اس عمل کی تائید کرتا ہے جو اس نے ربّ کائنات کی بارگاہ میں کہا تھا:

و لامرنھم فلیغیرن خلق اللہ ۔ (سورۃ النساء، آیت ۱۱۹)

''اور میں انہیں ضرور حکم دوں گا کہ اللہ کی بنائی چیز بگاڑیں

Marfat.com

گے۔"

دینِ اسلام میں جہاں داڑھی رکھنے کے احکامات کا صدور ہوا ہے وہاں اس کے نہ رکھنے پر بھی شدید وعیدیں آئی ہیں۔ عالم ربانی شیخ عبدالحق محدث دہلوی اپنی تصنیف لطیف "اشعۃ اللمعات" کی جلد نمبر ا صفحہ نمبر ۲۱۲ مطبوعہ سکھر میں فرماتے ہیں:

"حلق کردن لحیہ حرام است وروشن افرنج وہنود وجوالقیاں کہ ایشاں را قلندریہ۔"

"داڑھی منڈوانا حرام ہے ۔ یہ افرنگیوں ، ہندوؤں اور جوالقیوں کا طریقہ ہے جو قلندریہ بھی کہلاتے ہیں۔"

اس وقت بعض تو داڑھی رکھتے ہی نہیں، بعض رکھتے ہیں تو پھر کوئی چھوٹی یا بڑی، کوئی اس کو فیشن کے انداز میں، داڑھی کی شرعی حیثیت و حد کیا ہے؟ اس بارے میں امامِ اہلسنّت تاجدارِ بریلی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:

"داڑھی کم از کم چار انگل چھوڑنا واجب ہے اور اس سے کم رکھنا جائز نہیں، حرام ہونے میں یہ بھی منڈوانے کے مثل ہے اگرچہ منڈوانا خبیث تر ہے۔"

اور داڑھی کترنے اور منڈوانے والے کے حکم کے بارے میں فرماتے ہیں:

"تھوڑی کترنے سے سب منڈوا دینا سخت وخبیث تر ہے کہ حرام حرام میں فرق ہوتا ہے، بھنگ ، چرس، شراب سب حرام ہیں مگر شراب سب میں بدتر ہے۔"

(فتاویٰ رضویہ جدید، جلد ۲۲، ص ۶۸۹، ۶۰۶ مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

Marfat.com

اور اس امام کی امامت کے بارے میں جو داڑھی کترواتا ہے اور شرعی حد سے چھوٹی رکھتا ہے، پوچھا گیا تو جواباً ارشاد فرمایا:

"وہ فاسق معلن ہے، اسے امام کرنا گناہ اور اس کے پیچھے نماز پڑھنی مکروہ تحریمی ہے۔"

(فتاویٰ رضویہ، جلد ۶، ص ۵۴۴)

البتہ داڑھی کہاں سے کہاں تک ہے؟ کے بارے میں امام اہلسنت فرماتے ہیں:

"داڑھی قلموں کے نیچے سے کنپٹیوں، جبڑوں، ٹھوڑی پر جمتی ہے اور عرضاً اس کا بالائی حصہ کانوں اور گالوں کے بیچ ہوتا ہے، جس طرح بعض لوگوں کے کانوں پر رونگٹے (بال) ہوتے ہیں وہ داڑھی سے خارج ہیں، یوں گالوں پر جو خفیف بال کسی کے کم کسی کے آنکھوں تک نکلتے ہیں وہ بھی داڑھی میں داخل نہیں، یہ بال قدرتی طور پر موئے ریش سے جدا و ممتاز ہوتے ہیں۔ اس کا مسلسل راستہ جو قلموں کے نیچے سے ایک مخروطی شکل پر جانبِ ذقن جاتا ہے، یہ بال اس راہ سے جدا ہوتے ہیں، نہ ان میں موئے محاسن کے مثل قوتِ نامیہ، ان کے صاف کرنے میں کوئی حرج نہیں بلکہ بسا اوقات ان کی پرورش باعثِ تشویہ خلق و تقبیح صورت ہوتی ہے جو شرعاً پسندیدہ نہیں۔"

(فتاویٰ رضویہ جدید، جلد ۲، ص ۵۹۶)

اس بارے میں مزید تفصیل آپ کتاب ہذا میں پڑھیں گے۔ فاضل

Marfat.com

مصنف جو کہ ایک علمی و روحانی خانوادے کے قابل فخر چشم و چراغ ہیں اور دین متین کی تبلیغ و اشاعت کے لیے ہمہ تن کوشاں ہیں اور اپنی تمام تر صلاحیتوں کو خدمتِ اسلام کے لیے وقف کیے ہوئے ہیں۔ ان کی یہ نئی تصنیف داڑھی کی شرعی حیثیت کے بارے میں، بڑی محنت اور عرق ریزی سے مرتب کی گئی ہے، جس کا اندازہ پڑھنے کے بعد ہی لگایا جا سکتا ہے۔ اور آج کے اس پرآشوب دور میں بڑے بڑے لوگ اس مسئلہ میں دیارِ افرنگ میں جا کر متزلزل ہوئے مگر فاضل مصنف حق پہ ڈٹے رہے بقول اقبال

سرمہ ہے میری آنکھ کا خاکِ مدینہ و نجف

حضرت مصنف نے اس موضوع پر قلم اٹھایا اور اس کی خوب تحقیق فرمائی۔ اللہ ربّ العزت اسے شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔

نیز اس کتاب کے آخر میں ضمیمہ کے طور پر فاضل مصنف کا ایک مقالہ نمازِ پنجگانہ کی تعدادِ رکعات کے بارے میں ہے۔ انتہائی جامع و مانع انداز میں حضرت نے ہر نماز کی تعدادِ رکعات کو احادیثِ صحیحہ کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کا مطالعہ کر کے یوں محسوس ہوتا ہے کہ گویا سمندر کو کوزے میں بند کر دیا گیا ہو۔ اللہ ربّ العزت ان کے علم و عمل میں مزید برکتیں عطا فرمائے۔ آمین

ایں دعا از من و جملہ جہاں آمین باد

حافظ محمد نواز بشیر جلالی

فاضل جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

Marfat.com

نشانِ منزل

مذہب کی فرقوں میں تقسیم

دورِ جدید میں رواج سا پڑ گیا ہے کہ علماءِ اسلام نے مذہب کو فرقوں میں تقسیم کر رکھا ہے، حالانکہ سیاسی فرقہ بندی حشرات الارض کی طرح پھیل چکی ہے اور ہر سیاسی جماعت نے مذہب کو تنقید و تنقیص کا نشانہ بنا رکھا ہے اور اربابِ حل وعقد کا اس وقت تک کھانا ہضم نہیں ہوتا جب تک وہ مذہب پر تیر ونشتر نہ برسالیں۔ یہود ونصاریٰ سے ممالکِ اسلامیہ کے اہلِ اقتدار نے دوستی کی پینگیں چڑھا رکھی ہیں۔ ان کا حکم غلاموں کی طرح گردنیں جھکا کر تسلیم کرتے ہیں۔ عوا مسلمین پر اقلیت کی حکمرانی ہے اور وہ کفار ومشرکین کی یاری پر نازاں ہیں اور محبانِ اسلام کو فرقہ پرستی کا طعنہ دیتے نہیں تھکتے۔ جب کہ جو فرقے ہیں ان کی سرپرستی کرتے ہیں اور جو جماعت ہے اسے زبان وقلم سے مجروح کرنے کی سعی ناتمام میں مصروف ہیں۔

دنیائے اسلام میں اہل سنت (۸۰) اسی فیصد ہیں جبکہ تمام فرقے بیس فیصد مگر اغیار کی سازشوں سے اقلیت، اکثریت پر حکمران ہے۔ آج سُنّیت کا وہی حال ہے جو اسلامی ممالک کا غیر مسلم کے سامنے۔ افغانستان، عراق، فلسطین، چیچنیا اور کشمیر پر جملہ کفریہ طاقتیں متحد ہو کر حملہ آور ہیں۔ جبکہ ممالکِ اسلامیہ کے اربابِ حل وعقد ان کے معاون بنے ہوئے ہیں۔ سیّد عالم ﷺ کا ارشاد الکفر

Marfat.com

ملۃ واحدۃ کتنا سچا ہے۔ افسوس کہ مسلمان منتشر ہیں۔ گویا کہ یہ قیامت سے پہلے قیامت ہے۔

سیاسی تفرقہ بندی میں کون سچا ہے اور کون جھوٹا ہے؟ اس کا صحیح فیصلہ کرنا کسی کے بس کی بات نہیں مگر مذہبی و اسلامی فرقہ بندی کا فیصلہ تو سیّد عالم مخبر صادق نبی مکرم ﷺ فرما چکے ہیں کہ میری امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی ان میں بہتر (۷۲) فرقے جہنمی اور صرف ایک جماعت جنتی ہو گی۔ اور جسے نبی کریم ﷺ نے جنتی ہونے کی بشارت سے نوازا وہ صرف اور صرف اہل سنت و جماعت ہے۔ الحمد للہ علی منّہٖ وکرمہٖ تعالیٰ۔

اس کے پیش نظر حضرت علامہ مولانا محمد حنیف رضا نقشبندی زید مجدہٗ نے حقائق و دلائل کی روشنی میں "داڑھی کی شرعی حیثیت" ایسی جامع کتاب تصنیف فرما کر مسلکِ حق کو واضح کرنے کی سعیٔ بلیغ فرمائی ہے۔ ازیں قبل "حق و باطل میں فرق یعنی اہل سنت اور اہل حدیث" لکھ کر قلمی جہاد میں قدم رکھ چکے ہیں۔ جس پر عالمی مبلّغ اسلام نازش سادات حضرت علامہ الحاج الحافظ سید محمد عرفان شاہ مشہدی قادری مدظلہٗ اور استاذ العلماء، مناظرِ اسلام، رئس المحد ثین حضرت علامہ مولانا محمد اشرف سیالوی مدظلہٗ اپنے تائیدی کلمات و دعواتِ مستجاب سے حوصلہ افزائی فرما چکے ہیں۔

حضرت صاحبزادہ مولانا محمد حنیف رضا نقشبندی زید مجدہٗ مفتی اعظم کشمیر، حضرت علامہ مولانا مفتی حافظ محمد عبدالحکیم صاحب نقشبندی رحمہ اللہ تعالیٰ کے بھانجے ہیں اور موصوف کے آباء واجداد علوم وفنونِ اسلامیہ کے امین چلے آرہے ہیں۔ انہی کے فیوض و برکات علمیہ کو بڑی جرأت سے تحریری وتقریری طور پر تقسیم فرما رہے ہیں۔ پیشِ نظر کتاب آپ کی لاجواب تصنیف ہے جس کے ذریعے

Marfat.com

مسلکِ حق اہلسنّت کو واضح کرتے ہوئے داڑھی کی شرعی حیثیت کو واضح کرتے ہوئے آپ نے ان بدعقیدہ لوگوں کا ردّ بلیغ فرمایا ہے جو داڑھی کے بارے میں ہرزہ سرائی کرتے رہتے ہیں، آپ کی یہ کتاب لائق مطالعہ ہے۔

قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اس کتاب کو بغور پڑھیں اور از خود فیصلہ کریں کہ حق پر کون ہے؟ امید ہے کہ ہر انصاف پسند مسلمان پر حق ظاہر ہو جائے گا اور وہ اعتراف کرتے ہوئے پکار اٹھے گا۔ اہل سنت و جماعت ہی حق و صداقت پر گامزن ہیں۔ یہی صراطِ مستقیم کو اپنائے ہوئے ہیں۔ یہی جماعت ہی انعام یافتہ ہے۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ حضرت صاحبزادہ صاحب موصوف کے قلم کو انوار و تجلیات بکھیرنے کی سعادت عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین بجاہ طٰہٰ ویٰسین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ و بارک وسلم۔

فقط

محمد منشا تابش قصوری

Marfat.com

تقریظ جمیل

داڑھی ! نشانِ مردِ مومن

مولانا قاری محمد طاہر عزیز باروی
مدرّس جامعہ حنفیہ غوثیہ بھاٹی چوک لاہور

حضرت سائیں فضل شاہ قطب عالم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا محبوب اس لیے بنایا تھا کہ کوئی یہ نہ کہے:

"اے بارِ الٰہ! اگر تیرا کوئی یار اور محبوب ہوتا تو ہم بھی اس سے محبت کرتے، اس کی اطاعت واتباع کرتے تاکہ اس کے صدقے تو ہم سے بھی پیار کرنے لگتا۔"

فراستِ مومن اور قلندرانہ بصیرت کے حامل ایک ولی کامل، مردِ مومن اور مردِ درویش کی زبانِ اقدس سے نکلا ہوا یہ ایک ایسا جملہ ہے جس نے محبت کے سچے اور جھوٹے دعوے میں ایک حد فاصل کھینچ دی ہے کہ وہ محبّ ہی کیسا ہے جو نقشِ محبوب پر مر مٹنے کا جذبۂ صادقہ نہ رکھتا ہو۔ اللہ رب العزت کی محبت کے حصول کا صرف ایک ذریعہ ہے اور وہ ہے "اتباعِ محبوبِ خدا"

"اتباعِ محبوبِ خدا" کا دوسرا نام سنتِ مصطفیٰ ﷺ پر عمل ہے۔

حدیثِ رسول ہے کہ:

Marfat.com

مَنْ تَمَسَّكَ بِسُنَّتِيْ عِنْدَ فَسَادِ اُمَّتِيْ فَلَهٗ اَجْرُ مِائَةِ شَهِيْدٍ۔ (مشکوٰۃ المصابیح)

جو کوئی شخص میری امت کے بگاڑ کے وقت میری سنت پر عمل کرے گا اسے سو شہیدوں کا ثواب دیا جائے گا۔

علامہ جلال الدین سیوطی نقل فرماتے ہیں کہ فرمانِ نبوی ﷺ ہے:

''جو شخص حلال روزی کھائے اور سنت پر عمل کرے اور لوگ اس کی شرارتوں سے محفوظ رہیں وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

سنتوں میں سے ایک اہم سنت داڑھی بھی ہے، جو حضور ﷺ کو بہت محبوب ہے، بلکہ حضور سرکار رحمتِ عالمیاں داڑھی کے بغیر کوئی چہرہ دیکھنا پسند نہیں فرماتے تھے جیسا کہ البدایہ والنہایہ میں ایک روایت موجود ہے کہ جب خسرو پرویز کے فرستادہ دو اشخاص نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو وہ داڑھیاں منڈوائے ہوئے اور مونچھیں بڑھائے ہوئے تھے تو سرکار علیہ السلام نے ان کی طرف نظر کرتے ہوئے کراہیت فرمائی اور فرمایا کہ

وَیْلَکُمَا مَنْ امر کما بھذا؟

خرابی ہو تمہارے لیے کس نے تمہیں اس کا حکم دیا؟

وہ بولے: ہمارے رب خسرو پرویز نے۔ تو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ مگر مجھے تو میرے ربّ نے داڑھی بڑھانے اور مونچھیں تراشنے کا حکم فرمایا۔

اے بندۂ مومن! ایک لحہ کے لیے اس بات کو چشمِ تصور میں سوچ کہ ایک کافر کی طرف نظرِ رحمت اس وجہ سے نہیں جاتی تو کل تو میدانِ حشر میں تو کس منہ سے ان کے سامنے آئے گا؟

داڑھی ایک متفق علیہ عمل ہے جو جملہ انبیاء کرام، صحابہ کرام اور صالحین

Marfat.com

عظام کا عمل مبارک ہے مگر آج کا مسلمان اس کو اپنی ترقی، جدت پسندی، خودنمائی وخوبصورتی میں آڑ سمجھتا ہے، ٹھنڈے دماغ سے اس بات کو سوچا جائے کہ جب ایک کلمہ گو اپنے آپ کو غلامِ رسول، عاشقِ نبی کہلوانے والا شیو کر کے داڑھی کو گندے پانی میں ڈال کے اپنا چہرہ آئینہ میں دیکھتا اور مسرور ہوتا ہوگا تو مکینِ گنبدِ خضریٰ پہ کیا گزرتی ہوگی؟ Think it

اور ایک مسلمان مومن کے ایمان کی اس وقت کیا کیفیت ہوگی؟

داڑھی رکھنے سے تنگدستی دور ہوتی ہے، داڑھی کو ہر وضو کے بعد کنگھی کرنے سے محتاجی دور ہوتی ہے۔ (جامع صغیر)

اور جس نے ہر رات کو کنگھی کی، اس کی عمر دراز ہوگی اور وہ کئی بیماریوں سے محفوظ ہوگا۔ (الحاوی للفتاویٰ)

کسی سے محبت کا دعویٰ تب سچا ہوگا جب اس کی نشانیوں کو انسان محفوظ رکھے گا تو اے مسلمان! تو نے اپنی نبی کی نشانی کو کس حد تک محفوظ رکھا؟

اپنے ہی نشیمن پہ بجلیاں گرانے کے درپے ہیں، غیر تو اس بات کو تسلیم کرتا ہے۔ 26 اپریل 1983ء کے نوائے وقت میں ایک امریکی ڈاکٹر چارلس نے لکھا کہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر لوگوں کو داڑھی سے کیوں لرزہ چڑھتا ہے، آخر لوگ سر پر بھی تو بال رکھتے ہیں تو پھر چہرے پر رکھنا کیا عیب ہے؟

سلطان الواعظین مولانا ابو النور محمد بشیر صاحب کوٹلی لوہاراں والے ''سنی علماء کی حکایات'' کے صفحہ ۱۵۳ میں اپنا ایک واقعہ درج کرتے ہیں جو ایمان افروز بھی ہے اور روح پرور بھی، فیصلہ کن بھی ہے اور باعث رغبت بھی، لکھتے ہیں:

''جس زمانہ میں میں راولپنڈی آرسنل میں خطیب تھا، ایک دفعہ پوسٹ آفس میں پوسٹ ماسٹر نے کہا، اگر آپ لوگ

Marfat.com

داڑھی رکھنے پر اتنا زور کیوں دیتے ہو؟ ایمان نام ہے دل سے مان لینے کا، جس کے دل میں ایمان ہے اس کے منہ پر داڑھی نہ بھی ہو تو کیا حرج ہے؟ آپ کی نظر باہر ہی باہر رہتی ہے اندر بھی کبھی دیکھ لیا کریں۔ جس پر میں نے کہا بابو صاحب! میں اگر آپ سے لفافہ خریدوں اور اپنے کسی عزیز کی طرف تفصیل سے خط لکھوں اور لفافہ میں بند کر کے اوپر ایڈریس نہ لکھوں اور آپ کے سپرد کر دوں تا کہ مکتوب الیہ تک پہنچا دیا جائے تو کیا آپ ایڈریس سے خالی لفافہ قبول کر لیں گے۔ کہنے لگے نہیں! اس پر تو ایڈریس کا لکھا ہونا ضروری ہے، میں نے کہا مگر جس لفافے میں تفصیل کے ساتھ لکھا ہوا ہے، سارا مضمون موجود ہے، اس کے اوپر اگر ایڈریس نہ بھی ہو تو کیا ہے؟ کیا میں بھی آپ سے یہ بات نہ کہہ سکوں گا کہ آپ کی نظر باہر ہی باہر رہتی ہے لفافہ کے اندر بھی دیکھ لیا کریں۔ جب اندر سب کچھ لکھا ہوا موجود ہے تو پھر باہر بھی کچھ لکھنے کی کیا ضرورت ہے؟ بابو صاحب بات سمجھ گئے اور ہنس کر بولے تو داڑھی کیا ایڈریس ہے؟ میں نے کہا ہاں یوں ہی سمجھ لیجئے۔ کہنے لگے پھر پورا اور مکمل ایڈریس تو سکھوں کا ہے۔ میں نے کہا انہوں نے تو لفافہ پر پوری دوات ہی انڈیل دی ہے، جس سے سارا لفافہ سیاہ ہو گیا ہے اور ایڈریس پڑھا ہی نہیں جاتا۔ آپ نے اپنے لفافہ پر کچھ لکھا ہی نہیں اور انہوں نے پوری دوات انڈیل کر ایڈریس پڑھنے کے قابل

Marfat.com

ہی نہیں رہنے دیا۔ صحیح ایڈریس تو آپ کو مولوی کے منہ پر ہی نظر آئے گا نہ بالکل کورا نہ بالکل سیاہ۔

زیرِ نظر کتاب فاضل جلیل عالم نبیل صاحبزادہ مولانا محمد حنیف رضا نقشبندی گھمگھولوی دامت برکاتہم العالی کی تازہ ترین تصنیف لطیف ہے، جس میں فاضل مصنف نے بڑے علمی وفکری انداز میں داڑھی کی شرعی حیثیت کو اجاگر کیا ہے۔ اس سے قبل حضرت والا کی ایک عظیم تصنیف برق خاطف علی خرمن باطل بھی منظر عام پر آ کر مقبول عوام وخواص ہو کر دادِ تحسین وصول کر چکی ہے۔ اس پر کچھ تحریر کرنے کے لیے خطیب پاکستان، مقرر شعلہ بیان نوجوان مذہبی سکالر حضرت علامہ مولانا محمد نواز بشیر جلالی صاحب مدظلہ نے حکم فرمایا تو اپنی کم علمی، بے مائیگی کا احساس دامن گیر ہوا مگر اپنے اس محسن کے حکم پر مجال انکار بھی نہ تھی تو جو کچھ میسر آسکا، تحریر کر دیا۔ اگر کوئی اچھی بات ہے تو وہ میرے اساتذہ کرام کی طرف منسوب ہے اگر کوئی غلطی ہے تو وہ میری جانب سے ہے۔ علامہ جلالی صاحب ایک منجھے ہوئے اور عالمی شہرت یافتہ خطیب دلپذیر ہیں۔ خالق کائنات نے انہیں حسن خطاب، قوت تکلم کے ساتھ حسن صوت و ذوق سے بھی خوب نوازا ہے۔ استاذ گرامی فاضل اجل علامہ مولانا محمد طاہر شہزاد سیالوی صاحب پرنسپل جامعہ حنفیہ غوثیہ بھاٹی چوک لاہور فرماتے ہیں کہ

> مجھے نواز بشیر جلالی صاحب سے اس وجہ سے محبت ہے کہ وہ ہمارے پیارے آقا کی تعریف بڑے پیارے انداز میں کرتے ہیں اور میں ان لمحات کو کبھی بھی نہیں بھول سکتا، جب جلالی صاحب غارِ حراء میں اپنی سوز وگداز سے معمور آواز میں اور محسور کن لب ولہجہ میں بیٹھ کر ہمیں یہ سناتے کہ:

Marfat.com

حسنِ اقراء تو دیکھا تھا جبریل نے
ہم تو غارِ حراء دیکھتے رہ گئے

اور یہی ایک حوالہ ان کی محبت کے لیے کافی ہے۔اس کتاب کی اشاعت کے لیے ان کی سعی مشکور و مقبول قابل تحسین ہے۔ اللہ ربّ العزت اسے قبول فرمائے اور اس کتاب کو نافع بناتے ہوئے فاضل مصنف کو عمر خضر عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الکریم الامین علیہ التحیۃ والتسلیم

ریش خوش معتدل مرہم ریش
ہالۂ ماہِ ندرت پہ لاکھوں سلام

محمد طاہر عزیز باروی
مدرّس جامعہ حنفیہ غوثیہ بھاٹی چوک لاہور

Marfat.com

تقریظ جمیل

داڑھی! سنت رسول بھی ہے اور عکس محبتِ مصطفیٰ بھی

مولانا محمد حبیب احمد سعیدی
ناظم مدرسہ نور جامعہ نظامیہ رضویہ، فرخ آباد لاہور

محبت کے تقاضوں میں سے ایک تقاضا یہ بھی ہے کہ محبوب کی پسند و ناپسند کا خیال رکھا جائے، محبوب کی پسندیدہ چیز کی طرف نظر کرنا تو کجا اس کا تصور بھی مذہبِ عشاق میں توہینِ محبت تصور کی جاتی ہے۔ اور یہی وجہ تھی کہ جناب عمر خلیفہ راشد ہوتے ہوئے حجرِ اسود کی طرف دیکھ کر یہ کہتے ہیں کہ میں تجھے کبھی نہ چومتا، اگر میں نے اپنے ہادی و مرشد اپنے نبی کریم علیہ السلام کو تجھے چومتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا۔

یہی وہ حقیقی معیارِ محبت ہے جس کو سامنے رکھ کر ہم اپنی محبت کو پرکھ سکتے ہیں، داڑھی اسلامی شعار ہونے کے ساتھ ساتھ محبت رسول کا مظہر و عکس بھی ہے۔ یہ رزق میں اضافے کا باعث بھی ہے اور ذریعہ نجات بھی۔ کہتے ہیں کہ ایک شخص اپنی کلائی پر شیر کی تصویر بنانے گیا، جب نقاش نے سوئی چبھوئی تو شدتِ درد کی وجہ سے کراہتے ہوئے بولا کہ یہ کیا کر رہے ہو؟ اس نے کہا کہ شیر کی دم بنا رہا

Marfat.com

ہوں۔ اس نے کہا رہنے دو دم کٹے بھی تو شیر ہوتے ہیں، دم رہنے دو باقی شیر بنا دو۔ اس نے پھر سوئی چبھوئی تو پھر درد ہوئی، پکار اٹھا، ارے! اب کیا کر رہے ہو؟ اس نے کہا اب ٹانگ بنا رہا ہوں۔ بولا کیا بغیر ٹانگ کے شیر نہیں ہوتے، ٹانگ رہنے دو باقی شیر بنا دو۔ اسی طرح بار بار ہوتا رہا تو اس نقاش نے اسے کہا کہ جاؤ کسی پاگل خانے میں، ایسا کون سا شیر ہے جس کی نہ ٹانگ ہو نہ دم نہ پیٹ ہو نہ سر۔

تو کیا ایک ایسا مسلمان بھی ہو سکتا ہے کہ نہ فرائض کی پرواہ، نہ ترکِ سنت کا غم، نہ نوافل کا احساس، نہ اوامر ونواہی کی خبر۔

یوں تو سید بھی ہو، مرزا بھی ہو، افغاں بھی ہو
تم سبھی کچھ ہو بتاؤ تو مسلماں بھی ہو

آج ہماری ذلت ورسوائی کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ ہم اس گناہ کو گناہ سمجھنا ہی چھوڑ گئے ہیں۔ حدیثِ رسول ہے کہ:

جس نے میری سنت کی مخالفت کی، ذلت ورسوائی اس کا مقدر بن جائے گی۔

داڑھی تو مردے چہرے کی زینت ہے۔ اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں:

خط کی گردِ ...وہ دل کی آرا پھبن
سبزۂ نہرِ رحمت پہ لاکھوں سلام

اخلاقی، روحانی اور مذہبی طور پر تو داڑھی منڈوانا نقصان ہے ہی، حکماء اور اطباء قدیم یونان کے مطابق چہرے پر بار بار استرا یا بلیڈ پھیرنے سے آنکھوں کی رگیں متاثر ہوتی ہیں اور اس سے انسان کی نظر کو بہت نقصان ہوتا ہے۔

خلاقِ عالم بھی قبر میں انسان کی سفید داڑھی کا حیا فرماتا ہے۔ مگر ایک

Marfat.com

انسان اس کو کوڑے کے ڈھیر کی نذر کرتے ہوئے کوئی شرم و حیا محسوس نہیں کرتا؟

ارشادِ خداوندی ہے:

و اتقون یا اولی الالباب۔

حجۃ الاسلام امام غزالی احیاء العلوم جلد ۱ صفحہ ۱۴۴ مطبوعہ مصر میں فرماتے ہیں کہ:

فرمان نبوی ﷺ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فرشتے یوں قسم کھاتے ہیں کہ: اس کی قسم جس نے فرزندانِ آدم کو داڑھی کی زینت بخشی۔

اندازہ کریں! اس چیز کی عظمت کا کہ ملائکہ جس کی قسمیں کھاتے ہیں اور ایک مسلمان اس کے ساتھ کیا معاملہ روا رکھتا ہے؟

کہیں ایسا نہ ہو کہ اس ترکِ سنت پر ہم قہر خداوندی اور عذابِ ربی کا شکار نہ ہو جائیں۔

ارشادِ خداوندی ہے:

ان لو نشاء اصبنھم بذنوبھم و نطبع علی قلوبھم فھم لا یسمعون۔ (الاعراف: ۱۰۰)

اگر ہم چاہیں تو سزا دیں انہیں ان کے گناہوں کی وجہ سے اور مہر لگا دیں ان کے دلوں پر حتیٰ کہ وہ کچھ سن ہی نہ سکیں۔

زیر نظر کتاب مستطاب فاضل اجل علامہ محمد حنیف رضا نقشبندی گھمکولوی کی تازہ ترین تصنیف ہے۔ فاضل مصنف ملک و بیرون ملک تبلیغ اسلام کے حوالے سے نامور شخصیت ہیں اور ایک علمی خاندان کے عظیم سپوت ہیں۔ اس سے قبل کئی اہم دینی موضوعات پر کثیر کتب تصنیف فرما کر علمی حلقوں میں داد

Marfat.com

شجاعت حاصل کر چکے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ اس کتاب کو پڑھ کر کئی لوگ اپنے چہروں کو سنتِ رسول سے مزین کریں گے۔

بڑے شائستہ، شستہ اور محققانہ انداز میں داڑھی کی فضیلت و اہمیت اور اس کے مسائل کو اجاگر کیا ہے۔ دیارِ غیر میں رہتے ہوئے یہ فریضہ سرانجام دینا یقیناً یہ لائق تحسین و صد آفرین کام ہے۔ اللہ ربّ العزت اس کتاب کو نفع بخش بنائے اور فاضل مصنف کو اس کا اجر اور ان کے قلم میں مزید برکتیں عطا فرمائے۔
آمین

حافظ محمد حبیب احمد سعیدی
ناظم مدرسہ نور جامعہ نظامیہ رضویہ
فرخ آباد شاہدرہ لاہور

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَمْدَ الشَّاكِرِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى اَشْرَفِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ اَوَّلِ الْمُسْلِمِيْنَ وَ خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ ۔

اَمَّا بَعْدُ!

اللہ تعالیٰ خالق دوجہاں کا بہت شکرگزار ہوں کہ اس نے نبی کریم ﷺ کے صدقے میرے جیسے بے کار بندے کو اپنی خاص توفیق سے نوازا اور میں نے اس موضوع پر پہلے بھی قلم اُٹھایا اب پھر اللہ تعالیٰ کی توفیق سے دوبارہ قلم اُٹھایا ہے۔اس کتاب میں کسی قسم کے تعصب اور ہٹ دھرمی کو بالائے طاق رکھتے ہوئے صرف اور صرف سنت رسول ﷺ کا دفاع کر رہا ہوں ۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے عاجزانہ التماس ہے کہ اس ناتمام کوشش کو شرف قبولیت عطا فرمائے ۔آمین

رب کائنات سے دُعا ہے کہ وہ میرے مرشد کامل خواجہ خواجگان تاجدار گھمکول شریف حضرت زندہ پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور میرے والدین کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے ،جنہوں نے میرے دل و دماغ میں اسلام کی غیرت کو پیوست کرنے کی کوشش فرمائی۔اپنی اہلیہ اور بچوں کے لیے دعا گو ہوں جنہوں نے

Marfat.com

میری ہر ممکن مدد کی اور تالیفی اور دیگر مصروفیات کا خیال رکھتے ہوئے ہر ممکن خدمت کی۔

آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مولائے کریم تاجدار کائنات حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے صدقے میرے اساتذہ، والدین، اقرباء، بہنوں، بھائیوں اور میری اولاد کے لیے ذخیرہ آخرت بنائے۔

داڑھی مبارک سنت رسول ﷺ ہے، کچھ علماء اور کچھ لوگ اس سے بے خبر ہیں یا باخبر ہونے کے باوجود داڑھی مبارک کے بارے میں غلط فہمیوں کا شکار ہو کر اس سنت رسول ﷺ کو فراموش کر چکے ہیں۔ ان کی اصلاح کے لیے قرآن وسنت کے تحت اس کو ترتیب دیا ہے اور اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ احادیث تمام کی تمام صحیح ہوں۔ اللہ تعالیٰ مجھے اور دنیا کے تمام مسلمانوں کو سنت رسول ﷺ پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

(نوٹ) اگر اس کتاب میں کسی قسم کی غلطی ہو تو برائے کرم اس کی اصلاح بھی کریں اور آگاہ بھی کریں تا کہ دوسرے ایڈیشن میں اس کی درستگی ہو جائے، میں تمام محبت کرنے والوں کا ممنون ہوں گا۔

صاحبزادہ محمد حنیف رضا نقشبندی

25 ذوالحج 1431ء / 01 دسمبر 2010ء

Marfat.com

نبی کریم تاجدار کائنات حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے دائما قبضہ تک داڑھی مبارک رکھی اور کبھی اس کو ترک نہیں فرمایا، اس لیے علماء اور مشائخ اہل سنت و جماعت کا موقف یہ ہے کہ داڑھی مبارک رکھنا واجب ہے اور منڈوانا حرام ہے، کیوں کہ نبی کریم جان دو عالم حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے ایک داڑھی منڈانے والے مجوسی پر انکار فرمایا۔

داڑھی رکھنا اسلام اور مسلمانوں کا شعار ہے۔ داڑھی مبارک کی اتنی مقدار رکھنا جتنی نبی کریم ﷺ نے رکھی ہے، یہی اس کی اصل ہے، اسی میں اتباع رسول ﷺ ہے اسی پر عرف کا اطلاق آتا ہے کیوں کہ احکام میں عرف کا اعتبار ہے۔

(نوٹ) خشخشی یا فرنچ کٹ داڑھی کا آج کل جو فیشن چل نکلا ہے، ایسی داڑھی ایک مذاق ہے اور یہ سنت رسول ﷺ کے خلاف ہے، ایسا مذاق شریعت سے ہٹ دھرمی ہے۔ آقائے دو عالم رسول کائنات حضرت محمد رسول اللہ ﷺ سے محبت کا تقاضا یہ ہے کہ لمبی اور دراز داڑھی مبارک رکھی جائے جو سینہ اقدس کے بالائی حصہ تک ہو، کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب نبی کریم ﷺ کی داڑھی مبارک لمبی تھی جو سینہ مبارک کو بھر لیتی تھی۔ تاہم عام مسلمانوں کو عموماً اور علماء اور مشائخ کو خصوصاً داڑھی مبارک سنت رسول ﷺ کے مطابق رکھنی چاہیے۔ نبی پاک ﷺ سے محبت کا تقاضا یہ ہے کہ صورت اور سیرت دونوں میں آپ کی کامل اتباع کی جائے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو غرور اور تکبر کے شر سے محفوظ رکھے اور اپنے محبوب علیہ السلام کی کامل محبت نصیب فرمائے اور سنت رسول ﷺ کی کامل پیروی

Marfat.com

نصیب فرمائے، ادب مصطفیٰ ﷺ عطا فرمائے اور بے ادبی اور گستاخی سے ہم سب مسلمانوں کو بچائے۔آمین!

داڑھی مبارک کے بارے میں شیخ الحدیث علامہ مولانا محمد علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب لائق مطالعہ ہے۔منکرین وجوب لحیہ کا شرعی محاسبہ اور تمام اعتراضات کے جوابات اس میں موجود ہیں۔ ہمارے نزدیک داڑھی منڈانا مکروہ تحریمی اور حرام ہے اور داڑھی رکھنا واجب ہے۔ نبی کریم ﷺ نے داڑھی منڈانے کی مخالفت کا حکم دیا ہے۔

(الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان ج8 ص408)

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے جب نبی کریم تاجدار کائنات جان دوعالم حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے رخ انور کو دیکھا تو بے ساختہ بول اُٹھے:

اِنَّ وَجْهَهٗ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ۔

''بے شک یہ چہرہ کسی جھوٹے آدمی کا نہیں ہوسکتا۔''

اسی طرح جب حضرت ابو رمثہ تیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے بیٹے کو لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو نبی کریم ﷺ نے بڑے پیار سے گفتگو فرمائی اور وہ دیکھتے ہی سمجھ گئے اور فوراً گویا ہوئے:

هٰذَا وَاللّٰهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ۔

''اللہ کی قسم! یہ واقعی اللہ کے رسول ﷺ ہیں۔''

(مسند احمد ج2 ص228)

اس کتاب کو مرتب کرنے کا مقصد اور سبب یہ ہے کہ مدنی تاجدار رسول گرامی وقار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے چہرہ انور کی ضیاء پاشیاں ساری دنیا کے

Marfat.com

مسلمانوں پر ظاہر کی جائیں تاکہ مسلمانانِ عالم اس کتاب کو پڑھ کر پیارے نبی ﷺ کے چہرہ اقدس، کو اس پر سجی ہوئی داڑھی مبارک کو الفاظ کے آئینہ میں دیکھنے کے شرف سے بہرہ ور ہونے کے ساتھ ساتھ اپنی سیرت وصورت کو اس کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کریں۔وہ چہرہ انور جس کے بارے میں سیدہ عائشہ صدیقہ ام المومنین رضی اللہ عنہ نے بے تکلفی کے موقع پر بڑے لطیف انداز میں فرمایا؛ جب میں نے ان کے چہرہ تاباں پر نظر ٹکائی تو ان کی شان درخشندگی ایسی تھی جیسے ابر میں بجلی کوند رہی ہے۔ایسے حسین وجمیل چہرے والے کی شان کا کیا کہنا!

جمال و حسن کی الفاظ میں تعبیر ناممکن
مجسم نور کی کوئی کھینچے تصویر ناممکن
کوئی لغزش نہ ہوجائے الٰہی اس سے ڈرتا ہوں
بھروسہ پر تیرے اس کام کا آغاز کرتا ہوں

نبی کریم ﷺ کے جمال مبارک کو کما حقہ تعبیر کردینا ناممکن ہے۔ حضور نور مجسم ﷺ کی تصویر کشی قابو سے باہر ہے۔چنانچہ امام قرطبی فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ کے حسن و جمال کو پورا ظاہر نہیں کیا گیا ورنہ انسان حضور ﷺ کو دیکھنے کی طاقت نہ رکھتے۔ یہ شان ہے نبی کائنات ﷺ کی، تو اس چہرہ اقدس پر سجی داڑھی مبارک کی شان کا عالم کیا ہوگا؟

نبی کریم ﷺ کی داڑھی مبارک گھنی اور چہرہ اقدس پر پھیلی ہوئی تھی۔ شمائل ترمذی میں ہے کہ حضور ﷺ کی داڑھی مبارک گھری اور سینہ مبارک کو بھر دیتی تھی۔اسی طرح کتاب الشفاء شریف میں بھی ہے کہ آپ کی ریش مبارک کے بال اس کثرت سے تھے کہ سینہ اقدس کو بھر دیتے تھے۔

Marfat.com

نبی کریم ﷺ کی داڑھی مبارک کے جو بال زائد ہو جاتے تھے، گاہے بگاہے ان کو کتروا دیتے تا کہ صورت خوشنما اور نکھر جائے۔ اس کے علاوہ حضور نبی کریم ﷺ داڑھی مبارک کو بالکل نہیں کترواتے تھے۔

مسلم شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ داڑھی بڑھاؤ اور مونچھیں کٹاؤ اور مجوسیوں کی مخالفت کرو۔

داڑھی رکھنا صرف سنت رسول ﷺ اور طریقہ اسلام ہی نہیں بلکہ تمام انبیاء کرام کی سنت ہے۔ اس لیے حدیث میں ہے:

مِنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِیْنَ۔

یعنی تمام انبیاء و مرسلین کی سنت ہے۔

نیز داڑھی شعائر اسلام میں سے ہے اس لیے داڑھی کٹانا علی الاعلان تمام شعائر اسلام کی بے حرمتی اور گناہ کبیرہ ہے حتیٰ کہ داڑھی کا مذاق اُڑانا کفر ہے۔ اس لیے کہ یہ صرف داڑھی کا ہی نہیں بلکہ تمام انبیاء کرام کا مذاق ہے۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہدایت عطا فرمائے۔ ائمہ حضرات کے نزدیک داڑھی کی مقدار ایک مشت ہے، اس سے کم نہیں ہونی چاہیے۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

وَبِهَا اَیِ اللِّحْیَةِ یَتَمَیَّزُ الرِّجَالُ مِنَ النِّسَاءِ۔

اسی داڑھی سے مرد اور عورت جدا ہوتے ہیں۔

(احیاء العلوم ج 2 ص 257)

اس سے پتہ چلا کہ مومن مرد کے لیے داڑھی شرف و فضیلت کا امتیازی نشان ہے (داڑھی رکھنا فطرت کے عین مطابق ہے)

داڑھی رکھنا چونکہ ایک فطری عمل ہے جس کا تقاضا خود فطرت انسانی اور اس کی جبلت کرتی ہے، معلوم ہوا کہ اگر وہ اس فطرتی فضلیت کو چھوڑ دے تو اس

Marfat.com

کی صورت آدمی کی صورت نہیں رہتی چہ جائیکہ وہ مسلمان کی صورت متصور ہو، کیوں کہ اسلام تو دینِ فطرت ہے، زمانے کے حوادث اس فطرتی ساخت وسیرت کو نہیں بدل سکتے، ہر وہ شخص جو داڑھی رکھتا ہے وہ اصل فطرت پر ہے۔

داڑھی رکھنا سنت رسول ﷺ اور اطاعت کی نشانی ہے:

داڑھی رکھنا جہاں فطرت کی کلید ہے وہاں اللہ تعالیٰ کے محبوب حضرت محمد ﷺ کی اطاعت کا مظہر ہے۔ کسی مومن کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کریم ﷺ کے فیصلے کے بعد اپنے کسی امر کا کوئی اختیار باقی نہیں رہتا۔ بخاری شریف میں اور مسلم شریف میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے:

اَعْفُوا اللِّحٰی۔

(بخاری ص5893، مسلم ص259)

اسی طرح مختلف احادیث میں صیغہ امر کے ساتھ حکم ہوا ہے اور امر وجوب کے لیے ہوتا ہے، جیسا کہ جمہور علماء کا موقف ہے۔ چنانچہ ابن ہمام حنفی التحریر ص129 میں فرماتے ہیں:

صِیْغَۃُ الْاَمْرِ خَاصَّۃٌ بِالْوُجُوْبِ عِنْدَ الْجُمْہُوْرِ۔

امر کا صیغہ جمہور کے نزدیک خاص وجوب کے لیے خاص ہے۔

تو جو شخص اس امر کو بجالاتا ہے اسے ثواب ملتا ہے اور جو اس کو ترک کرتا ہے وہ گناہ گار ہوتا ہے۔

نبی کریم ﷺ جب وضو فرماتے تھے تو پانی کا چلو لے کر ٹھوڑی کے نیچے سے داڑھی کا خلال کرتے تھے جس سے معلوم ہوا کہ یہ سنت رسول ہے اور جو شخص داڑھی رکھتا ہے وہ سنت رسول کو سینے سے لگاتا ہے اور حقیقی محبت رسول ﷺ کا مدعی ہوتا ہے اور محبت رسول ﷺ اس کو اللہ تعالیٰ کا مقرب بندہ بنا دیتی ہے

Marfat.com

کیوں کہ اس نے داڑھی رکھنے میں اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کی پیروی کی ہے۔

سورۂ آل عمران کی ایک آیت کا مفہوم ہے کہ:

''اے محبوب! آپ فرما دیں کہ اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت
کرنے کے خواہشمند ہوتو میرے رسول کی تابعداری کرو،
اللہ تبارک تعالیٰ تم سے محبت کرے گا اور پھر صرف محبت ہی
نہیں کرے گا بلکہ تمہارے گناہ بھی معاف فرما دے گا۔

گناہوں کی معافی کا ہر مسلمان خواہشمند ہے تو پھر آج سے عہدہ کرلیں کہ آئندہ داڑھی نہیں کٹوائیں گے بلکہ داڑھی مبارک رکھیں گے۔

داڑھی رکھنا مومنین کا طریقہ ہے

داڑھی رکھنا ایمان والوں اور مقربین کے راستے کو اختیار کرنا ہے۔
نبی کریم ﷺ کی سنت کے بعد خلفاء راشدین میں سے سیدنا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ جو انبیاء کے بعد سب سے افضل ہیں اور خلیفہ بلا فصل ہیں، سب سے پہلے خلیفہ بنے۔ ان کے بارے میں آتا ہے کہ کَثُّ اللِّحْیَۃِ یعنی گھنی داڑھی والے تھے۔ اسی طرح خلیفہ ثانی سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بارے میں بھی آتا ہے کہ کَثِیْرُ اللِّحْیَۃِ یعنی بڑی داڑھی والے تھے اور اسی طرح تیسرے خلیفہ حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں آتا ہے کَبِیْرُ اللِّحْیَۃِ تھے یعنی بڑی داڑھی والے تھے۔ اور اسی طرح خلیفہ چہارم سیدنا علی المرتضی حیدر کرار رضی اللہ عنہ کے بارے میں آتا ہے کہ وہ عَرِیْضُ اللِّحْیَۃِ یعنی چوڑی داڑھی والے تھے حتیٰ کہ دونوں کندھوں کے مابین سینے کو بھرتی تھی۔
(تاریخ الخلفاء امام سیوطی ص 129,116,102)

Marfat.com

خلفاء راشدین تمام کائنات سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے نبی ﷺ کے متبع یعنی اتباع کرنے والے تھے، ادب والے تھے، محبت کرنے والے تھے، پھر باقی تمام صحابہ کرام ہیں جن کا طریقہ زندگی بھی نبی پاک ﷺ کے حکم کے عین مطابق تھا۔

الغرض داڑھی رکھنا فطرت کے مطابق ہے اور سیرت انبیاء اور سنت مصطفیٰ ﷺ ہے۔ بلکہ مومنین صحابہ و تابعین اور تمام اولیاء امت اور سلف صالحین میں سے کسی نے بھی داڑھی مونڈوانے کو نقل نہیں کیا۔ تاریخ اسلام کے صفحات اس پر گواہ ہیں۔ امام ابن حزم رضی اللہ عنہ "مراتب الاجماع" میں لکھتے ہیں کہ داڑھی منڈوانا مثلہ کرنا ہے جس کے عدم جواز پر سب متفق ہیں۔ احادیث سے یہ ثابت ہے کہ داڑھی منڈوانا حرام ہے جس کو کسی نے بھی جائز قرار نہیں دیا۔ اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ:

"پاک ہے وہ ذات جس نے مردوں کو داڑھی کے ساتھ اور عورتوں کو مینڈھیوں کے ساتھ زینت بخشی۔"

(کشف الخفاء للعجلونی ص1447)

اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں تو نقص ہو ہی نہیں سکتا، اللہ تعالیٰ کی تخلیق حسن ہے یعنی اچھی ہے۔ مسلمانوں اور مومنوں نے اس بات کو سامنے رکھ کر اس سنت رسول ﷺ کی بہت تعظیم کی ہے۔

آج کا دور بڑا عجیب دور ہے کہ آج کے مسلمان روپے خرچ کر کے داڑھی منڈواتے ہیں تا کہ داڑھی نظر نہ آئے، اس سنت رسول کو معدوم کرنے کے لیے دولت برباد کرتے ہیں، حالانکہ یہ تعظیم و تکریم کی علامت ہے جیسا کہ علامہ قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس شخص کی داڑھی بڑی ہوگی اس کی

Marfat.com

معرفت چمکتی رہے گی۔

حیف صد حیف (افسوس اور صد افسوس) آج کے مسلمان پر کہ اپنی خون، پسینے کی کمائی خرچ کر کے سنت رسول ﷺ کو اپنے چہرے سے منڈواتا ہے اور رسول اللہ ﷺ کی ناراضگی خریدتا ہے۔

لوگوں کی نظر میں داڑھی والے کی عزت ہوتی ہے اور اس کو علمی اور باوقار شخصیت سمجھا جاتا ہے، مجلسوں میں اس کی تعظیم کی جاتی ہے اور اُونچی اور نمایاں جگہ پر بٹھایا جاتا ہے اور سب اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور نماز کے وقت اس کو آگے کرتے ہیں ۔داڑھی مبارک سنت رسول ﷺ ہے اس لیے اس کے کئی فائدے ہیں: مثلاً یہ داڑھی والے کی زینت کا باعث ہے اور اس کا وقار اور تعظیم ہے۔ اس سے مرد کا رعب ظاہر ہوتا ہے، اس لیے بچوں اور عورتوں میں وہ رعب اور وقار دکھائی نہیں دیتا، جو داڑھی والوں میں ہوتا ہے۔ اس سے مرد اور عورت کے درمیان فرق اور پہچان ہوتی ہے ۔ داڑھی رکھنا جہاں مرد کے لیے زینت و تکریم کا باعث ہے وہاں اس کی مردانگی کی عکاسی بھی ہوتی ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے مرد اور عورت کو پیدا فرمایا اور دونوں میں فرق کے لیے مرد کے چہرے پر داڑھی اُگائی جو مرد کا زیور ہے، جو عورت کے پاس نہیں اور عورت کو سونا و ریشم پہننا جائز ہے اور مردوں کے لیے سونا و ریشم حرام ہے۔

جس طرح عورت کا جمال بغیر داڑھی اور مونچھوں کے ہوتا ہے اسی طرح مرد کا جمال داڑھی اور مونچھوں میں ہے اور اسی میں مرد کا وقار ہے۔ اب ہر مرد خود سوچے کہ میری رجولیت کا رعب کس میں ہے، آیا داڑھی رکھنے میں یا داڑھی کٹوانے میں؟

Marfat.com

داڑھی مبارک کے دینی وطبی فائدے:

۱۔ بار بار ٹھوڑی اور بالوں پر اُسترا پھیرنا بصارت کو بڑا نقصان دیتا ہے اور اس عمل سے آہستہ آہستہ نظر کم ہو جاتی ہے، جبکہ سنت رسول والے یعنی داڑھی رکھنے والے اس سے محفوظ رہتے ہیں۔

۲۔ داڑھی مبارک گلے اور سینے تک ضرر دینے والے جراثیم سے محفوظ رکھتی ہے۔

۳۔ مسوڑوں کو خارجی وداخلی امراض اور تکالیف سے کافی محفوظ رکھتی ہے۔

۴۔ داڑھی مبارک کو ہر روز تیل لگایا جاتا ہے جس سے گالوں کی کھال تر و تازہ رہتی ہے، جس طرح زمین پانی سے تر وتازہ رہتی ہے اور داڑھی مونڈنے والے اس فائدے سے محروم رہتے ہیں۔

۵۔ داڑھی بڑھانے سے خناق جیسی خطرناک بیماری سے بچاؤ رہتا ہے۔

اسلام ایک جامع اور مکمل نظام کا نام ہے جس کی جامعیت اور اکملیت کا راز اسلام کا منبع ومصدر قرآن وسنت ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے رسول حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"تَرَکْتُ فِیْکُمْ اَمْرَیْنِ لَنْ تَضِلُّوْا مَا تَمَسَّکْتُمْ بِھِمَا کِتَابُ اللّٰہِ وَ سُنَّۃُ نَبِیِّہٖ۔"

(الموطا امام مالک رضی اللہ عنہ ص 1708)

ترجمہ: اے میرے صحابہ! میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جارہا ہوں ایک کتاب اللہ یعنی قرآن مجید اور دوسری اللہ تعالیٰ کے

Marfat.com

رسول ﷺ کی سنت، جب تک ان کو تھامے رکھو گے تم گمراہ نہیں ہو گے۔

اس سے معلوم ہوا کہ گمراہی اس وقت اپنا ڈیرہ جما لیتی ہے جب قرآن و سنت سے اعراض کیا جائے یا ان میں کسی تیسری چیز کی آمیزش کی جائے۔ اسی منہج کو محفوظ کرنے کے لیے حکم بھی سنایا۔

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

"مجھے اپنی امت پر اس بات کا ڈر ہے کہ ان میں گمراہ کرنے والے ائمہ ہوں گے یعنی وہ قرآن و سنت کے منہج کو ترک کر کے یا تو تیسری چیز کو رواج دیں گے یا آمیزش کریں گے۔"

اور حضور نبی کریم ﷺ نے یہ بھی فرمایا:

"مَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي۔"

(مسلم شریف ص 7187 و بخاری شریف ص 5063)

ترجمہ: جس نے میری سنت سے اعراض کیا وہ میرے طریقے پر نہیں۔

بخاری شریف ص 5063 پر مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مخاطب کر کے فرمایا:

"اللہ تعالیٰ کی قسم! میں تمھاری نسبت اللہ تعالیٰ سے زیادہ ڈرنے والا ہوں اور زیادہ متقی ہوں لیکن میں روزے بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں اور تہجد بھی پڑھتا ہوں اور آرام بھی کرتا ہوں یعنی سوتا ہوں اور میں نے شادیاں بھی کی ہیں

Marfat.com

جس نے میری سنت سے اعراض کیا وہ مجھ سے نہیں ہے۔"

اس حدیث اور اس سے قبل حدیث میں رسول کریم ﷺ نے واشگاف الفاظ میں بیان کردیا کہ منہجِ مومن نبی کریم ﷺ کا قول وفعل ہے۔ اور اگر حضور نبی کریم ﷺ کے قول وفعل وتقریر کے خلاف خواہ صحابی کا قول وفعل آجائے تو نبی کریم ﷺ کے خلاف ہوگا، سنت کے مخالف ہوگا اور یہ مخالف اللہ تعالٰی اور اس کے رسول ﷺ کو ناراض کرے گا۔ جس کی وجہ سے وہ اللہ تعالٰی اور رسول پاک ﷺ کی رضا کا سبب نہیں بن سکتا، خواہ جتنے مرضی استدلالات اور اجتہادات اور استنباطات سامنے لائے جائیں۔ اللہ تعالٰی کے رسول کریم ﷺ کے راستے کو سمجھانے کے بعد واقعتاً صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے بھی اس منہج کو سینے سے لگایا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جب حجر اسود کے قریب آئے تو آپ نے حجر اسود کو خطاب کیا کہ: اللہ کی قسم میں جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے، نہ نقصان دے سکتا ہے اور نہ ہی نفع دے سکتا ہے، اگر میں نے اللہ کے محبوب جان دوعالم حضرت محمد مصطفٰے ﷺ کو تیرا بوسہ لیتے نہ دیکھا ہوتا تو میں تیرا بوسہ ہرگز نہ لیتا۔ یعنی صرف اللہ کے رسول کی پیروی میں بوسہ لے رہا ہوں۔

اور فرمایا ہم رمل کیوں کرتے ہیں؟ اس لیے کہ نبی کریم ﷺ نے مشرکین مکہ کو اپنی قوت دکھلانے کے لیے رمل کیا تھا۔ اب مشرکین مکہ میں نہیں ہیں۔ چونکہ اللہ کے رسول ﷺ نے رمل کیا تھا اس لیے ہم پسند کرتے ہیں اور اس کو ترک نہیں کریں گے۔ گویا یہ رمل نبی کریم ﷺ کی پیروی میں کیا وگرنہ آج اس کی علت موجود نہیں ہے۔

اس سے پتہ چلا کہ نبی کریم ﷺ کے قول وفعل کے آجانے پر کسی اور

Marfat.com

علت یا کسی کے قول و فعل کی کوئی قدر و منزلت نہیں رہتی، جس کا صحابہ کرام نے خود اعتراف کیا ہے۔

کسی کی رائے کتاب اللہ میں نہیں چل سکتی۔ ائمہ کرام کی رائے وہاں سنی جائے گی جس مسئلے میں قرآن خاموش ہو اور نہ ہی سنت رسول ﷺ میں وہ مسئلہ ہو۔ نبی کریم ﷺ کی سنت جو حضور ﷺ نے جاری فرمائی اس میں کسی کی رائے کو کوئی اہمیت نہیں دی جاسکتی۔

آیئے! ہم صرف نبی کریم ﷺ جن کی ذات اقدس ہمارے لیے نمونہ ہے، ان کا قول و فعل دیکھیں کہ داڑھی مبارک کے بارے میں کیا ہے؟ پھر ان کے اقوال دیکھیں کہ اُنھوں نے کیا فرمایا ہے؟ یا پھر ان کی تقریر دیکھیں کہ آیا داڑھی مبارک منڈوانے والے پر خاموشی اختیار فرمائی یا کوئی حکم صادر فرمایا؟ اب ہم صرف اللہ تعالیٰ کے محبوب رسول کریم ﷺ کے فعل، پھر ان کے اقوال و تقاریر کو بالترتیب ذکر کرتے ہیں تاکہ سب مسلمانوں پر واضح ہو جائے کہ داڑھی مبارک کی کتنی بڑی شان ہے؟ یہ رسول گرامی وقار ﷺ کی پیاری سنت ہے۔

میرے مسلمان بھائیو! یہ تو ایک متفقہ بات ہے کہ تاجدار کائنات جان دو عالم حضرت محمد ﷺ سے بڑھ کر کائنات میں کوئی بھی خوبصورت نہ تھا اور نہ ہوگا۔ جیسا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

"كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَحْسَنَ النَّاسِ۔"

(بخاری شریف ص 3040)

(یعنی اللہ کے رسول ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ حسین تھے)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

"كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَحْسَنُ النَّاسِ وَجْهًا۔"

(بخاری شریف 3549)

Marfat.com

(نبی کریم ﷺ کا چہرہ اقدس پوری کائنات سے زیادہ حسین وجمیل تھا۔)

کسی عاشق نے کیا خوب کہا ہے:

حسیناں جمیلاں دامنہ موڑ دتا
خدا نے محمد ﷺ بنا کے قلم توڑ دِتا

نبی کریم ﷺ کا چہرہ مبارک جو پوری دنیا کے حسینوں سے زیادہ حسین تھا۔ کیا اس خوبصورت چہرۂ رسول ﷺ پر داڑھی مبارک تھی یا نہیں؟ آیئے ذرا احادیث پاک کے اوراق کی ورق گردانی کریں۔

(۱) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ:

"كَانَ إِذَا تَوَضَّأَ خَلَّلَ لِحْيَتَهُ"

(طبرانی فی الکبیر ص 664)

جب اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ وضو فرماتے تو داڑھی مبارک کا خلال کرتے تھے۔

(۲) جب اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ وضو فرماتے تو ایک چلو پانی کا لے کر ٹھوڑی کے نیچے سے اس کے ساتھ داڑھی مبارک کا خلال کرتے اور فرمایا اسی طرح میرے رب نے مجھے حکم دیا۔ محبوب خدا ﷺ کا داڑھی کا خلال کرنا 13 صحابہ نے نقل کیا ہے۔

(ابوداؤد شریف، ص1455)

ان احادیث سے یہ ثابت ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کی داڑھی مبارک لمبی تھی جس کی وجہ سے وضو کرتے وقت خلال کرنا پڑتا۔ اگر آپ ﷺ کی داڑھی مبارک کٹی ہوئی ہوتی یا قبضہ سے کم ہوتی تو خلال چہ معنی دارد؟

Marfat.com

(۳) حضرت مولا علی مشکل کشا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی داڑھی مبارک بہت بڑی تھی۔

(۴) حضرت امام حسن بن حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ کی داڑھی مبارک گھنی تھی۔

(شمائل ترمذی شریف، ص8)

مذکورہ بالا احادیث سے یہ ثابت ہوا کہ حضور ﷺ کی داڑھی مبارک بڑی تھی، گھنی تھی اور بھاری تھی اور اس کے بہت زیادہ بال تھے اور وہ سینے کو ڈھانپتی تھی۔ اب کوئی مفکر اسلام یا عالم دین یا مفتی یا اجتہاد کرنے والا، کوئی بھی مسلمان یہ بات کہنے کی جرات نہیں کر سکتا کہ فلاں یہ کہتا ہے فلاں یہ کہتا ہے۔ میرے مسلمان بھائیو! ذرا سوچیں کہ ہم نے جس رسول گرامی قدر ﷺ کا کلمہ پڑھا ہے ان کی داڑھی مبارک قبضہ سے کم نہیں ہوئی، بڑی ضرور ہوئی ہے لیکن قبضہ سے کم نہیں ہوئی۔ حضور ﷺ کے بعد خلفائے راشدین نے بھی اسی سنت کو سینے سے لگایا چنانچہ ان کی داڑھیاں سنت رسول ﷺ کے مطابق تھیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہمارے نبی پاک ﷺ کی سنت داڑھی مبارک پر غیرت مند مسلمان کے لیے یہ کافی ہے کیوں کہ جو کام نبی ﷺ نے کیا اس کو اپنی زندگی کا محور و مرکز بنا لینا چاہیے۔

آج حضور نبی کریم ﷺ کی تابعداری کر لو، کل قیامت میں آسانی ہوگی، پوری سنت رسول اپنے چہرے پر سجا لو۔ حضور ﷺ کی پسند اپنی پسند بنا لو اسی میں خیر ہے ورنہ ممکن ہی نہیں کہ دنیا و آخرت میں سرخرو ہو سکو اور داڑھی کی اہمیت مسلمانوں کے دلوں میں بیٹھ جائے اور منکرین حدیث اور غیرت و حمیت سے عریاں اسلام کے نام پر اسلام کی جڑیں کاٹنے والے جاہل مجدد، اسکالر اور شیخ

Marfat.com

الاسلام و مفکر اسلام اور ڈاکٹر و پروفیسر سنت رسول ﷺ کی توہین کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ داڑھی کے چھوٹے یا بڑے ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا مشرکین کی مخالفت کرو، داڑھیوں کو بڑھاؤ اور مونچھوں کو کٹواؤ۔

(بخاری شریف، ص 5892)

